بیوی کے حقوق میں الگ گھر لینا شامل ہے؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں اپنے خاوند اور اس کی فیملی کے ساتھ رہتی ہوں ۔ میرے پاس صرف میرا بیڈروم ہے اور اس کے علاوہ کوئی اورکمرہ نہیں ہے تو کیا میں شوہر سے الگ گھر کا مطالبہ کرسکتی ہوں اور کیا مجھے پورا گھر مہیاکرنا میرے حقوق میں شامل نہیں ؟

سائلہ عابدہ انگلینڈ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

نہیں عورت اگر تنہا مکان چاہتی ہے یعنی اپنی سَوت یا شوہر کے متعلقین کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی تو اگر مکان میں کوئی ایسا دالان اُس کو دے دے جس میں دروازہ ہواور بند کرسکتی ہو تو وہ دے سکتا ہے دوسرا مکان طلب کرنے کا اُس کو اختیار نہیں بشرطیکہ شوہر کے رشتہ دار عورت کو تکلیف نہ پہنچاتے ہوں۔ رہا یہ امر کہ پاخانہ 6 ، غسل خانہ، باورچی خانہ بھی علیحدہ ہونا چاہیے، اس میں تفصیل ہے اگر شوہر مالدار ہو تو ایسا مکان دے جس میں یہ ضروریات ہوں اور غریبوں میں خالی ایک کمرہ دے دینا کافی ہے، اگرچہ غسل خانہ وغیرہ مشترک ہو۔

عالمگیری، ردالمحتار

الفتاوی الھندیۃ ،کتاب الطلاق، الباب السابع عشرفی النفقات، الفصل الاول ،ج۱، ص۵۵۶

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

خادمِ دارالافتاء یوکے

Date:29 -10-2019

Is buying a separate house among the rights of a wife?

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of Islām and Jurists of the Sacred Law state regarding the following issue: I live with my husband and his family; other than my bedroom, I have no other room to myself. So, can I request a separate home from my husband and is it not within my rights to have a separate house provided for me?

Questioner: Abidah from England

ANSWER:

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ
اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَهَّاب اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِيَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب

No - if a woman wants a separate house i.e. she does not wish to live with her husband's other wife or his family, then he should give her a room in the house which has a lockable door; she does not have the right to demand a separate house. This is all provided and based on the condition that the husband's family are not causing her any type of harm [be it verbal abuse or physical abuse, etc]. What remains to be discussed is the lavatory, bathroom and kitchen; these should also be separate as well. There is detail to this that if the husband is well-off, then he should provide her with such a house with has all of these required facilities. However, if he is not [well-off], then it is enough for him to just provide the one room, even if the lavatory, etc. is joint.

[ʻĀlamgīrī, Radd al-Muhtār]

[Fatāwā Hindiyyah, vol 1, part 17, pg 556][1]

والله تعالی أعلم ورسوله أعلم صلی الله علیه وآله وسلم
کتبه أبو الحسن محمد قاسم ضیاء القادري

Answered by Muftī Qāsim Ziyā al-Qādirī
Translated by Haider Ali

[1] [Bahār-e-Sharī'at, vol 2, part 8, pg 271-272]